© rasailojaraid.com

محققانہ بحث کی گئی ہے۔ کتاب کی ترتیب میں یورپین لٹریچر کے علاوہ علماء اسلام کی اہم تصنیفات سے بھی کافی استفادہ کیا گیا ہے۔ زبان بہت صاف ستھری اور سلیس و رواں ہے۔ خواب کا مسئلہ ہر زمانہ میں عام دلچسپی کا باعث رہا ہے لیکن بقول نیاز صاحب کے "اس مسئلہ کے لاینحل ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ عہد حاضر میں بھی (حالانکہ یہ حقائق ریاضیات" کا عہد کہلاتا ہے) کوئی فیصلہ کن تحقیق اس باب میں پیش نہیں کی گئی۔

لائق مصنف نے جیسا کہ اُنہوں نے خود لکھا ہے "خاتون صحرا" کی یاد میں یہ کتاب تصنیف کی ہے۔ اُردو کی خوش قسمتی ہے کہ اُن کا یہ سانحہ اُردو ادب میں ایک قیمتی کتاب کے اضافہ کا سبب بن گیا۔ مصائب قومٍ عند قومٍ فوائدُ۔ اُمید ہے کہ یہ کتاب دلچسپی کے ساتھ پڑھی جائیگی۔

ہمدردِ صحت برتھ کنٹرول نمبر۔ سائز کلاں ضخامت علاوہ فہرست کے ۲۳۶ صفحات کاغذ متوسط اور اعلیٰ دونوں قسم کا۔ کتابت طباعت نہایت عمدہ ٹائٹل پیج بہت خوبصورت اور دیدہ زیب قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۱۲؍ متوسط ۸؍ مقام اشاعت :- ہمدرد منزل دہلی۔

رسالہ ہمدرد صحت دہلی ہندوستان کا مشہور ہر دلعزیز و مقبول طبی ماہنامہ ہے اس کا ہر معمولی نمبر بھی بہترین طبی مضامین کا حامل ہوتا ہے۔ پھر اپنی مخصوص روش کے مطابق یہ ہر سال کسی خاص طبی موضوع پر جو اپنا خاص نمبر شائع کرتا ہے وہ طب یونانی کی علمی دنیا کا ایک نمایاں شاہکار کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔ امسال اس رسالہ کا خاص نمبر "برتھ کنٹرول نمبر" کے نام سے شائع ہوا ہے یہ نمبر بڑی محنت و کاوش اور تلاش و جستجو سے مرتب کیا گیا ہے۔ برتھ کنٹرول سے متعلق بحث کا کوئی علمی یا عملی پہلو ایسا نہیں ہے جس پر کمال دیدہ وری داد تحقیق نہ دی گئی ہو۔ حسب روایت قدیم اس نمبر میں بھی مشرق و مغرب کے بہترین ڈاکٹروں اور اطباء کے بلند پایہ مضامین جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے اور اس لحاظ سے بے خوفِ تردید کہا جا سکتا ہے کہ یہ نمبر اس خاص مسئلہ پر ایک انسائیکلوپیڈیا سے کم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہیں ہے، اور گذشتہ خاص نمبروں کی طرح بھرفوع کامیاب ہے۔

آج کل برتھ کنٹرول کا مسئلہ نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام مشرق ومغرب کا اہم بین الاقوامی مسئلہ بنا ہوا ہے۔ اور اس کے جواز و عدم جواز اور اس کی عملی تدابیر وغیرہ سے متعلق انگریزی اخبارات ورسائل میں بحثیں ہوتی رہتی ہیں۔ ہمدرد صحت کے اس خاص نمبر میں مشرق ومغرب کے تمام مختلف نظریات وافکار واضح دلائل وبراہین کے ساتھ یکجا کردیے گئے ہیں اور عملی تدابیر پر بھی مسبوط بحثیں کی گئی ہیں۔ برتھ کنٹرول کی تاریخ کے سلسلہ میں کئی ایک مفید وپراز معلومات مقالات ہیں۔ مذہبی پہلو کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔ مشرق ومغرب کے مشاہیر علم وادب کی آرا کا خلاصہ بھی شائع کیا گیا ہے۔ چند مضامین اعضاء انسانی کی تشریح پر نہایت کامیاب اور محققانہ ہیں۔ پھر آخر میں خشک علمی وفنی مضامین کی خشکی کو دور کرنے کے لیے ایک مستقل باب کے ماتحت ادبی افسانے اور نظمیں درج کی گئی ہیں جو سب کے سب برتھ کنٹرول سے متعلق ہیں۔ قیمت ان سب خوبیوں کے باوجود بہت کم یعنی عہ، رسالانہ میں ہمدرد صحت کے گیارہ پرچے اور یہ خاص نمبر دونوں دستیاب ہوسکتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ ملک اس رسالہ کی قدر کرکے حکیم عبدالحمید صاحب کی محنت وکاوش اور انکی طبی خدمات کی بجا طور پر داد دیگا۔

سیرت بتول - از مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی تقطیع ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۶۴۔ طباعت کتابت عمدہ کاغذ چکنا اور سفید قیمت ۶ر ملنے کا پتہ: سلیم اختر قدوسی ناپلی جدید مکان نمبر ۱۰، ملال ٹیکری حیدرآباد دکن۔

اس رسالہ میں سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے سوانح حیات سلیس وعام فہم زبان میں لکھے گئے ہیں آخر میں حضرت فاطمہ کی فضیلتوں کا ایک باب ہے، واقعات سب صحیح اور مستند ہیں۔ مسلمان عورتوں اور بچوں کے لیے خصوصیت سے اس کتاب کا مطالعہ مفید ہوگا۔

© rasailojaraid.com